# Sample Question Paper (2024-25)

## Subject Urdu Core (303)

## Class XII

**Time: 3 Hours** **M.M. 80**

## (Section A - حصہ الف)

سوال نمبر 1: درج ذیل غیر درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور ان سے متعلق سوالات کے جواب لکھیئے۔ (5x2=10)

رابندر ناتھ ٹیگور کا شمار ہندوستان کے نامور شخصیات میں ہوتا ہے۔ ان کے والد کا نام مہرشی دیبندر ناتھ ٹیگور اور ماں کا نام شاردا دیوی تھا۔ گھر کے لوگ بچپن میں انہیں ربیّ کہہ کر پکارتے تھے، ان کی ماں کا انتقال بچپن میں ہی ہو گیا تھا۔ والد کی تربیت نے ان کی شخصیت کی تعمیر میں نمایاں کردار ادا کیا، انہوں نے ابتدائی تعلیم کولکاتا میں حاصل کی اور اعلیٰ تعلیم کے لیے انگلستان بھی گئے۔ 11 مئی 1875ء کو انہوں نے پہلی بار ہندو میلے کے عوامی مجمع کے سامنے اپنی نظم ''بن پھول'' پیش کی۔ اس میلے کو شروع کرنے کا مقصد یہ تھا کہ ہندوستانیوں میں اپنی زبان، تاریخ، وراثت، تہذیب، موسیقی اور آرٹ سے محبت پیدا کی جائے۔

رابندر ناتھ ٹیگور کو خدا نے لکھنے کی زبردست صلاحیت دی تھی۔ ان کی یہ خواہش تھی کہ ہر شخص کو اپنی مادری زبان سیکھنا چاہیے۔ وہ اس بات پر یقین رکھتے تھے کہ ہندوستان کی ترقی کے لیے ہندوستانیوں کا تعلیم یافتہ ہونا ضروری ہے۔ ان کو 1913ء میں ان کے ترجمہ کردہ مجموعہ نظم ''گیتانجلی'' پر ادب کا نوبل انعام دیا گیا۔

i- رابندر ناتھ ٹیگور کے والد اور والدہ کا نام لکھیئے؟

ii- رابندر ناتھ ٹیگور نے عوامی مجمع کے سامنے کب اور کونسی نظم پڑھی؟

iii- عوامی میلے کے شروع کرنے کا کیا مقصد تھا؟

iv- رابندر ناتھ ٹیگور کی کیا خواہش تھی؟

v- رابندر ناتھ کو نوبل انعام کب اور کس مجموعہ پر ملا تھا؟

سوال نمبر 2: درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیئے۔ (1x10=10)

(i) بے روزگاری، (ii) پسندیدہ مشغلہ، (iii) قومی تہوار

سوال نمبر 3: (a) اپنی پرنسپل کے نام درجہ تبدیل کرانے کی درخواست لکھیئے۔ (1x8=8)

**یا**

(b) اپنے والد کو خط لکھ کر فیس جمع کرانے کے لئے رقم منگوایئے۔

سوال نمبر 4: درج ذیل عبارت کا خلاصہ لکھیئے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجئے۔ (5+2=7)

اچھے کھلاڑیوں کی دنیا کے ہر ملک میں قدر کی جاتی ہے۔ سماج میں ان کو باعزت مقام حاصل ہوتا ہے، ان کی کھیل کی صلاحیتیں انہیں روزگار مہیا کرانے میں مددگار ہوتی ہے۔ کھیلنے سے تندرستی اچھی رہتی ہے۔ کھیل سے نہ صرف جسم مضبوط اور صحت مندر ہتا ہے، بلکہ دماغ بھی تر و تازہ رہتا ہے، کھیل سے ایمانداری کے علاوہ مخالفوں سے اچھا برتاؤ بھی کرنا آتا ہے، اور مشکل وقت میں صورت حال پر قابو پانے کا سبق بھی ملتا ہے۔ ہر کھلاڑی جیتنے کے لئے کھیل کھیلتا ہے، لیکن اگر جیتنے کا امکان نہیں رہے تو وہ ہمت نہیں ہارتا۔ اور زیادہ محنت اور لگن کے ساتھ کھیلتا ہے، تا کہ جیت سکے ہاکی، فٹبال، کرکٹ وغیرہ کے ذریعے نظم وضبط پیدا ہوتا ہے۔ سبھی کھیلاڑی ایک دوسرے کے ساتھ مل کر کام کرنے کا سلیقہ سیکھتے ہیں ٹیم کے کپتان کا حکم مانتے ہیں۔ اس طرح کھلاڑیوں میں مقصد کو حاصل کرنے کے لیے متحدہ کوشش کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہوتی ہے۔

سوال نمبر 5: درج ذیل محاوروں میں سے کسی پانچ کے معنیٰ لکھیئے اور انہیں اپنے جملوں میں استعمال کیجئے۔ (5x2=10)

i. عاقبت خراب ہونا
ii. جوئے شیر لانا
iii. حق نمک ادا کرنا
iv. آؤ بھگت کرنا
v. ناک کٹنا
vi. خاک میں مل جانا
vii. مجرا بجالانا
viii. سناٹے میں آنا

## (Section B - حصہ ب)

سوال نمبر 6: درج ذیل درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور دیئے گئے سوالات کے جواب دیجیے۔

(2+1+1+2+1=7)

لوگ دس بجے پنکھا چڑھا کر فارغ ہو گئے اور یہاں سے نکل کر سیدھے شمسی تالاب پہنچے، تھوڑی دیر میں بادشاہ سلامت کی سواری بھی آگئی۔ بیگمات کے لئے جہاز پر چلمنیں پڑ گئیں۔ وہ اندر جا بیٹھیں، بادشاہ سلامت نے مہتابی پر جلوس کیا۔ مصاحبوں اور دہلی کے اکثر امراء و شرفا کو اوپر بلا لیا گیا۔ سارے سیلانی تالاب کے کنارے جمع ہو گئے۔ آتش بازی کی چمک سے سارا تالاب اور کنارے روشن ہو جاتے تھے اور پانی میں روشنی کے عکس، کشتیوں کے سائے، کناروں پر خلقت کے ہجوم ان کے غل، آتش بازی کے عکس ان کے زرد زرد چہروں پر دھوؤں کے بادلوں نے ایک عجیب خوفناک منظر پیدا کر دیا تھا۔ غرض دو بجے کے قریب آتش بازی ختم ہوئی۔ بادشاہ سلامت کی طرف سے شال دوشالے، مندیلیں اور سیلے تقسیم ہوئے۔

- i- یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اس کے مصنف کا نام لکھیئے؟
- ii- چلمنیں کہاں پڑ گئیں؟
- iii- سارے سیلانی کہاں جمع ہو گئے؟
- iv- بادشاہ سلامت کی طرف سے مجمع میں کیا کیا تقسیم ہوا؟
- v- لفظ ''خلقت'' کے معنی لکھیئے؟

سوال نمبر 7: (A) میگھالیہ کے خاص رسم و رواج کون سے ہیں؟ (1x5=5)

**یا**

(B) سبق گاؤں کی لاج سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے۔

سوال نمبر 8: درج ذیل سوالات میں سے صرف چار کے جواب لکھیئے۔ (4x2=8)

- i. دعوت میں جانے اور نہ جانے سے متعلق مصنف نے کیا خیال ظاہر کیا ہے؟
- ii. رائے صاحب اور خاں صاحب میں رنجش کیوں تھی؟

iii. فلمی سنگیت میں کون کون سے لوک گیتوں سے فائدہ اُٹھایا گیا؟

iv. خط کس کا تھا اور اس میں کیا لکھا تھا؟

v. مصنف کی بیماری کی خبر سن کر سب سے پہلے کون آیا؟

vi. میرن صاحب نے غالب کو مجروح کی صحت کے بارے میں کیا بتایا؟

vii. آگرہ بازار سے لوگ بے نیازی سے کیوں گزر جاتے تھے؟

viii. آخری مغل بادشاہ کے دور کی دلّی کی کیا خصوصیات تھیں؟

سوال نمبر 9: (A) میر تقی میر کی شاعری پر 100 الفاظ پر مشتمل نوٹ لکھیئے۔ (1x5=5)

**یا**

(B) سبق ''پرچھائیاں'' کا خلاصہ لکھیئے۔

سوال نمبر 10: درج ذیل سوالات کے مختصر جواب لکھیئے۔ (5x1=5)

i- شاعر نے جنگ بند کرنے کے لیے کن لوگوں کو مخاطب کیا ہے؟

ii- شاعر نے زمین کو کس سے منسوب کیا ہے؟

iii- نظم کے کیا معنٰی ہیں؟

iv- شاعر نے اپنے گھر کو راستہ کیوں کہا؟

v- میر حسن کی طویل مثنوی کا کیا نام ہے؟

سوال نمبر 11: درج ذیل میں پوچھے گئے سوالات کے متبادل جواب میں سے درست جواب کی نشاندہی کیجئے۔ (5x1=5)

i- نظم پرچھائیاں کا موضوع ہے۔

(A) اجل (B) عدل (C) امن (D) عقل

ii- ساحر لدھیانوی کا اصل نام ہے۔

(A) عبدالحئی (B) عبدالباری (C) محمد تقی (D) عبدالکلام

iii- میر تقی میرؔ ......................... میں پیدا ہوئے۔

(A) علی گڑھ (B) آگرہ (اکبراباد) (C) لکھنؤ (D) دہلی

iv- مثنوی کے معنی ہیں ..........................

(A) دو-دو کیا ہوا (B) تین-تین کیا ہوا (C) چار-چار کیا ہوا (D) ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا

v- شاعر نے گھر کو راستہ کہا ہے کیونکہ گھر کی ..........................

(A) چھت ٹوٹی (B) کھاٹ ٹوٹا (C) چھپر ٹوٹا (D) دیوار ٹوٹی ہوئی تھی